اخبار اہلحدیث

یہ اخبار دین و دنیا کا مجموعہ ہے اسمیں مذہبی اور اخلاقی مضامین۔ فتوے اور مخالفین کے اعتراضات کے جوابات اور ایک دو صفحہ نمبر دنیا بھر کی چیدہ چیدہ خبریں درج ہوتی ہیں قیمت سالانہ ۴ر

مینیجر اہلحدیث امرتسر

مرقع قادیانی

مرزا صاحب قادیانی مدعی مسیحیت کی تردید میں یہ رسالہ ماہوار بڑی آب و تاب سے نکلتا ہے قیمت سالانہ عہ ۱۲ر

پتہ۔ مینیجر مرقع قادیانی امرتسر

مسلمان

یہ ایک ماہواری رسالہ ہے جس میں خالص اسلامی مضامین اور مخالفین اسلام کے جوابات ہوتے ہیں۔ سالانہ قیمت عہ ۱۲ر

پتہ۔ منیجر مسلمان۔ امرتسر

فہرست کتب قیمتی

تقابل ثلاثہ توریت انجیل اور قرآن کا مقابلہ صفحہ کے تین کالموں میں تینوں کتابوں کی اصل عبارتیں منقول ہیں نیچے حواشی میں فرق بتلاکر قرآن شریف کی فضیلت ثابت کی گئی ہے عیسائیوں کی بحث کا انقطاعی فیصلہ ہے۔ قیمت مع محصولڈاک عسہ

حق پرکاش آریوں کے گرو دیانند جی نے ستیارتھ پرکاش میں قرآن شریف پر شروع سے اخیر تک اعتراض کئے ہیں جنکا یہ مفصل اور مکمل جواب دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے۔ قیمت ۸ر

ترک اسلام مہاشہ دہرم پال دنوادیہ سابق عبدالغفور کے رسالہ ترک اسلام کا معقول اور مفصل جواب۔ شروع میں نبوت محمدیہ کا ثبوت اور اخیر میں قرآن مجید کے الہامی ہونے کے دلائل قیمت ۴ر

الہامی کتاب وید اور قرآن کے الہام پر مسلمان اور آریہ عالموں کی مفصل بحث۔ بحث کیا ہے؟ تمام مباحث کا فیصلہ ہے۔ قرآن مجید کے الہامی ہونیکا پورا اور کامل ثبوت۔ قیمت ۱۰ر

نمبر ۵

جلد اول

بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

رسالہ

مسلمان

امرتسر بابت ماہ ستمبر ۱۹۰۸ء

اسلامی خبریں

یکم ستمبر کو جو مدینہ منورہ تک ریلوے جاری ہونے کا دن تھا ہندوستان کے بہت سے مقامات پر جلسے ہوئے اور اللہ اکبر کے نعرے بلند ہوئے۔

ٹائمز کو بیروت سے تار پہونچا ہے کہ قبائل عرب ایک گروہ ہوکر مدینہ منورہ آئے اور جدید ریلوے لائن کی حفاظت کا انہوں نے حلف اٹھایا۔

پاؤنیر نے پھر اتحاد ٹرکی و انگلستان کی اشد ضرورت پر ایک مدلل مضمون ۸ ستمبر کے پرچہ میں شائع کیا ہے وہ لکھتا ہے کہ ٹرکی کے ہم واحد بیغرض دوست سمجھے جاتے تھے مگر اپنی ہی غلطی سے ہم نے یہ منصب کھو دیا اور جرمنی نے لے لیا۔ ترکون کو الزام دینا غلط ہے۔

۲۷۔ اگست کو سلطان المعظم سفراے دول کو شرف باریابی عطا فرماتے وقت ٹھیک آئینی سلطنت کے فرمانرواؤں کی طرح عمل پیرا ہوئے یعنی وزیر خارجیہ آپ کے قریب کھڑے ہوئے تھے۔

حریت کا تمغہ۔ اخبار صباح لکھتا ہے کہ سلطان نے دارالضرب میں قانون اساسی کے دوبارہ صادر ہونے کی یادگار میں ایک خاص وہ تمغہ آزادی مضروب ہونا تجویز ہوا ہے۔ ایسے تمغے نکل۔ چاندی اور سونے کے ہزاروں کی تعداد میں بنائی جاتی ہیں۔ مردوں کے الگ ہیں اور عورتوں کیلئے علیحدہ۔ یہ تمغے جسکا دل چاہے خریدکر استعمال کر سکیگا۔